# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## ہندوستان کے نومنتخب وزیراعظم نریندرا مودی کو شریف برادران کے تہنیّتی پیغامات اور پاک-بھارت تعلقات پر قومی پالیسی کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے ہندوستان کے ساتھ پاکستان کی پالیسی میں یکطرفہ کسی بھی تبدیلی کو تباہ کن اور قوم کیلئے ناقابل قبول قرار دے دیا۔ بھارت کے ساتھ پاکستان کی اصولی پالیسی کو شریفوں کی تجارتی دلچسپیوں اور خاندانی مفادات کی بھینٹ چڑھانے کی کوئی کوشش قوم قبول نہیں کرے گی، حکمران جماعت کے ایک غیر منتخب، غیر نمائندہ اور غیر مجاز لیڈر کے دل میں مودی کیلئے پائی جانے والی شخصی گرمجوشی کو ریاستی مفادات اور قومی وقار کیلئے زہر بنانے کی اجازت نہیں دیں گے،

اس شخص نے بطور وزیراعظم ہمیشہ اسرائیل اور بھارت پر قوم کی مجموعی امنگوں کے برعکس شخصی یا سامراجی مفادات کی آبیاری کی ہے، پچھلی مرتبہ مودی کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کیلئے اس شخص نے حریّت قیادت کو مکمل نظرانداز کیا اور ان سے ملاقات کی مسلّمہ روایت کو توڑا، اس مرتبہ مودی نے اسے یا اس کے وزیراعظم بھائی کو مدعو تو نہیں کیا مگر یہ دونوں کشمیریوں پر ہندوتوا سرکار کے غیر آئینی قبضے کو یکسر نظرانداز کرتے ہوئے مبارکباد دینے کیلئے مرے جا رہے تھے، ترجمان تحریک انصاف

جس شدت پسند، نسل پرست اور تعصّب اور نفرت میں ڈوبے شخص کو مبارکباد کیلئے دونوں بھائی ہلکان ہوئے جاتے ہیں وہ اپنی کابینہ میں ایک مسلم تک گوارا کرنے کو تیار نہیں، مودی کی یکطرفہ چاپلوسی اور ذلت آمیز خوش آمد کے شوق میں دونوں بھائیوں نے کشمیر اور اہلِ کشمیر اور ان کی پاکستان کی سیاسی قیادت اور حکومت سے توقّعات کو نہایت حقارت سے نظرانداز کر دیا،

غیر منتخب، غیر نمائندہ اور مینڈیٹ چوروں کے گروہ کو پاکستان کے وقار کو مجروح کر کے ہندوستان کے ساتھ تعلقات کو شخصی اور خاندانی کاروباری مفادات کی بھینٹ چڑھانے کی اجازت نہیں دیں گے، ہندوستان کے ساتھ مستقل کشیدگی کے حق میں نہیں تاہم ہندوتوا سرکار کے اقلیتوں خصوصاً مسلم کش فسطائی ایجنڈے اور کشمیر میں جنگی جرائم سے صرفِ نظر ممکن نہیں،

ہندوستان سمیت دنیا بھر کے ممالک کے ساتھ تعلقات کو مساوات، قومی خودداری اور ملی وقار کی انہی بنیادوں پر استوار ہونا ہے جس کی عملی تصویر عمران خان نے "ایبسولیوٹلی ناٹ" جیسے شہرہ آفاق جملے سے کی، رجیم چینج کے بعد کٹھ پتلی راج کے مختلف شکلوں میں قوم پر مسلّط کئے جانے والے کردار خارجہ پالیسی کے ساتھ غیر ذمہ دارانہ اور عوامی تائید سے محروم چھیڑ چھاڑ میں مصروف ہیں، عمران خان اور انکی جماعت قومی مفادات کی امین اور اقوامِ عالم خصوصاً اسرائیل اور ہندوستان کے حوالے سے قومی امنگوں کی پاسبان ہے، مینڈیٹ چوروں کے ذریعے کشمیر اور فلسطین جیسے حسّاس معاملات کو کسی ایڈونچر کی بھینٹ چڑھانے کی کوشش کی گئی تو بھرپور مزاحمت کریں گے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ